گنہگار مسلمان کے لیے بد دعا کرنا کیسا؟

مجیب: مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1134

تاریخ اجراء: 20 جمادی الاول 1445ھ/05 دسمبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا گناہ گار مسلمان کے لیے بد دعا کر سکتے ہیں؟

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

گناہ گار مسلمان کے لیے بھی بد دعا نہیں کرنی چاہیے بلکہ ہدایت کی دعا کرنی چاہیے البتہ اگر ظالم ہے اور دیگر مسلمانوں کو اپنے ظلم و ستم سے تکالیف پہنچاتا ہے تو اس کے لیے بد دعا کرنے میں حرج نہیں۔

اللہ پاک قرآن میں فرماتا ہے:" وَیَدۡعُ الۡاِنۡسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالۡخَیۡرِؕ وَكَانَ الۡاِنۡسَانُ عَجُوۡلًا

"یعنی: اور (کبھی) آدمی برائی کی دعا کر بیٹھتا ہے جیسے وہ بھلائی کی دعا کرتا ہے اور آدمی بڑا جلد باز ہے۔(پارہ 17، سورہ الاسراء، آیت 11)

تفسیر صراط الجنان میں ہے:"اس سے معلوم ہوا کہ غصے میں اپنے یا کسی مسلمان کیلئے بد دعا نہیں کرنی چاہیے اور ہمیشہ منہ سے اچھی بات نکالنی چاہیے کہ نہ معلوم کونسا وقت قبولیت کا ہو۔ ہمارے معاشرے میں عموماً مائیں بچوں کو طرح طرح کی بد دعائیں دیتی رہتی ہیں، مثلاً تیرا بیڑہ غرق ہو، تو تباہ ہو جائے، تو مر جائے، تجھے کیڑے پڑیں وغیرہ، وغیرہ، اس طرح کے جملوں سے احتراز لازم ہے۔(تفسیر صراط الجنان، جلد 5، صفحہ 425، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

امام اہل سنت سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:"سنی مسلمان اگر کسی پر ظالم نہیں تو اس کے لئے بد دعا نہ چاہئے بلکہ دعائے ہدایت کی جائے کہ جو گناہ کرتا ہے چھوڑ دے، اور اگر ظالم ہے اور مسلمانوں کو اس سے ایذا ہے تو اس پر بد دعا میں حرج نہیں۔"(فتاوی رضویہ، جلد 23، صفحہ 182، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

فضائل دعا میں ہے:"کسی ظالم سے امید توبہ اور ترکِ ظلم کی نہ ہو اور اس کا مرنا تباہ ہونا خَلق (یعنی مخلوق) کے حق میں مفید ہو، ایسے شخص پر بد دعا دُرست ہے۔"(فضائل دعاء، صفحہ 187، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

اسی میں ہے: "کسی مسلمان کو یہ بد دُعا کہ تجھ پر خدا کا غضب نازل ہو اور تو آگ یا دوزخ میں داخل ہو! نہ دے کہ حدیث شریف میں اس کی ممانعت وارد ہے۔" (فضائل دعاء، صفحہ 203، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net